سوال

(1019)جمعہ کے دونوں خطبوں میں برابری یا کمی بیشی کی کوئی دلیل ہے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا جمعتہ المبارک کے دونوں خطبوں کا مساوی ہونا طریق نبوی ہے یا ہمارا موجودہ رواج (پہلا خطبہ طویل اور دوسرا مختصر) سنت ہے۔ صحیح احادیث سے جواب دیں۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جمعہ کے دونوں خطبوں میں برابری یا کمی بیشی کی کسی حدیث میں تصریح موجود نہیں۔ ظاہر یہ ہے کہ جس پر خطبہ کا اطلاق ہو وہ کافی ہے، اگرچہ آپس میں ان کی مساوات نہ ہو۔ راجح مسلک کے مطابق خطبہ کا اطلاق اللہ کی تعریف اور وعظ وتذکیر پر ہوتا ہے۔ (المرعاة : ۳۱/۱۰)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰة : صفحہ :817

محدث فتویٰ